تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 21, 2024

پریس ریلیز

انڈین اسکول آف بزنس، حیدرآباد نے اے جے کے ایم سی آر سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے نوطلبا کی تقرری کی

اے جے کے ماس کمیونی کیشن ریسرچ سینٹر (اے جے کے ایم سی آر سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ کو اس بات کی اطلاع دیتے ہوئے مسرت ہورہی ہے کہ انڈین کونسل آف بزنس (آئی ایس بی) حیدرآباد کی کیمپس پلیسمنٹ مہم سترہ مئی دو ہزار چوبیس کو کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگئی ہے۔اس پلیسمنٹ مہم کے دوران میں سخت انتخابی کاروائی سے گزر کر اے جے کے ایم سی آر سی کے نو باصلاحیت طلبا کا انتخاب عمل میں آیا ہے۔ ہندوستان کے دو سرکردہ اداروں کے درمیان اشتراک کے سفر میں اس واقعہ کو سنگ میل کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔

انتخابی عمل میں متعدد مراحل تھے جیسے سائیکومیٹرک ٹسٹ، گروپ ڈسکشن اور امیدواروں سے براہ راست انٹرویوز۔ان طلبا نے غیر معمولی ہنرمندیوں، تخلیقیت اور معاصر میڈیا کے متعلق فہم اور بات چیت کے عمل کے ذریعہ اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا جس سے وہ آئی ایس بی کے پیش کردہ مختلف اور متنوع رول کے لیے موزوں ترین تھے۔

ماس کمیونی کیشن، ڈولپمنٹ کمیونی کیشن اور کنورجنٹ جرنلزم کے ایم اے پروگرام کے طلبا کو کمیونی کیشن اور مارکیٹنگ کے شعبہ جات میں مختلف پیشہ ورانہ رول کے لیے ملازمت کی پیش کش ہوئی ہے۔پلیسمنٹ مہم کے دوران میں جن نوطلبا کا انتخاب عمل میں آیا ان کے نام اس طرح ہیں: عمیمہ ، ندا فاطمہ، ردا فاطمہ مبین، سمیہ شاکر، اسما، انوشا خان، مالک طارق خان، باسط گل پر اور نزہت خان۔

پروفیسر اقبال حسین، قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے منتخب طلبا کو مبارک باد دی اور اس پیش رفت پر اپنی خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔انھوں نے کہا کہ موقر اداروں میں طلبا کا انتخاب یونیورسٹی کے اندر تدریس وآموزش کے اعلی معیار کا ثبوت ہے اور یونیورسٹی کا زور طلبا کی ہمہ جہت ترقی اور ذاتی فروغ پر رہتا ہے۔

اے جے کے ایم سی آر سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈائریکٹر پروفیسر قاسم نے کہا کہ منتخب طلبا آئی ایس بی جوائن کریں گے اور اس کے ترقی میں اپنا اہم رول ادا کریں گے ساتھ ہی وہ آئی ایس بی میں ایم سی آر سی کے سفیر بھی ہوں گے۔انھوں نے طلبا سے کہا

کہ جو کچھ انھوں نے یہاں پر سیکھا ہے اسے محفوظ رکھیں اور جامعہ کی قدروں کے تئیں سچے پکے رہیں۔

آئی ایس بی ٹیم کی سربراہی چیف ایڈمنسٹریٹیو آفیسر جیتو مشرا، چیف مارکیٹنگ آفیسر کارتک تیجا، ایسوسی ایٹ ڈائریکٹر ایچ آر ساحل بنسل اور سینئر مینجر ایچ آر شکھا کھورانہ کر رہے تھے۔

پروگرام کو ایم سی آر سی میں پلیسمنٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر پرگتی پال انجام دے رہی تھیں۔انھوں نے طلبا کی بڑی تعداد کو ملازمت کا پروانہ ملنے سے مسرت کا اظہار کیا اور کہا کہ ہمارے طلبا جس ادارے میں جہاں رہے وہ بلاشبہ وہاں کے لیے بیش قیمت سرمایہ ثابت ہوں گے۔

آئی ایس بی ٹیم نے اپنے اختتامی پرزینٹشن میں کیمپس میں دوبارہ آنے کا ارادہ ظاہر کیا اور دوسر کردہ اداروں کے درمیان پیشہ ورانہ ربط ضبط مضبوط کرنے کے تئیں اپنے عزم کو دہرایا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی